CHILD OUTCOME SUMMARY (بچے کے نتیجے کا خلاصہ, COS) اہل خانہ کی تیاری کی ورک شیٹ
EARLY SUPPORT FOR INFANTS AND TODDLERS (شیرخوار بچوں اور ٹوڈلرز کے لیے ابتدائی معاونت, ESIT)

## آپ کے بچے کی فنکشنل/فعلیاتی ترقی

آپ اور آپ کی فراہم کنندگان کی ٹیم فیصلہ کرے گی کہ آپ کا بچہ عام خاندانی معمولات اور سرگرمیوں میں کس طرح فعال طریقے سے شمولیت اختیار کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کا بچہ صرف چند الفاظ استعمال کر سکتا ہے لیکن آپ کے ساتھ بات چیت کرنے کے دیگر موثر طریقے رکھتا ہے، جیسے علامات کی زبان، آوازیں، آپ کا ہاتھ پکڑنا یا اشارہ کرنا۔

آپ اور آپ کی ٹیم اس معلومات کو استعمال کرے گی جو آپ اپنے بچے پر بطور ماہر اپنے ہمراہ لائیں گے۔ آپ پیشہ ورانہ اور دیگر نگہداشت کنندہ کے مشاہدات، جائزہ کے ٹولز اور مزید کو بھی زیر غور لائیں گے۔ بچوں کو گھر میں، کمیونٹی میں اور نگہداشتِ اطفال یا پری اسکول جیسی جگہوں پر کامیابی سے ہمکنار ہونے کے لیے، انہیں ان تین شعبوں میں مستحکم مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے:

1. مثبت سماجی تعلقات
2. نئی مہارتیں حاصل کرنا اور استعمال کرنا
3. اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے اقدام کرنا

### فعلیاتی مہارتیں کیا ہیں؟

محض یہ جاننے کے بجائے کہ آپ کا بچہ کن مہارتوں کا حامل ہے، ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ وہ اپنے لیے معنی خیز امور کی انجام دہی کے لیے اپنے دن میں اپنی مہارتوں کو کس طرح استعمال کر رہے ہیں۔ ازروئے مثال کہ، یہ جاننا ضروری ہے کہ آپ کا بچہ کتنے الفاظ کہہ سکتا ہے لیکن یہ جاننا زیادہ معنی خیز ہے کہ بچہ آپ کو کوئی بات بتانے کے لیے الفاظ کو کس طرح استعمال کرتا ہے جیسے جب وہ کھانا چاہتا ہے یا جب وہ کسی کتاب میں تصویروں کے نام بتا رہا ہوتا ہے۔

### فیصلہ کا شجرہ کیا ہے؟

فیصلہ کا شجر آپ کو اور آپ کی ٹیم کو ایک بیان کا انتخاب کرنے میں مدد کرے گا جو اس بات کی بہترین وضاحت کرتا ہے کہ آپ کا بچہ مذکورہ بالا تین شعبوں میں اپنی عمر کے دیگر بچوں کے تقابل میں کیسی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ ہم اس معلومات کو اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے استعمال کریں گے کہ کونسی سروسز آپ کی ضروریات کو پورا کریں گی اور آپ اور آپ کے بچے کے لیے ایک منصوبہ تشکیل دیں گے۔

### فیصلہ کا شجر استعمال کرتے وقت ذہن میں رکھنے کی باتیں

- اس بارے میں سوچیں کہ بچہ مختلف جگہوں اور مختلف لوگوں کے ساتھ روزمرہ کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے فعلیاتی مہارتوں کو کس طرح بروئے کار لاتا ہے۔
- ٹیم جو بیان منتخب کرتی ہے اس میں آپ کے بچے کی فنکشننگ/فعلیت کی عکاسی درج ذیل بنیاد پر ہونی چاہیے:
  - ایک خاص ماحول میں آپ کے بچے سے توقعات۔ اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے اپنے گھر کی ثقافت کی توقعات کا استعمال کریں کہ آیا آپ کے بچے کی فعلیت/کارکردگی گھر میں اس کی بلحاظ عمر متوقع سطح پر ہے۔
  - ان کا معاون ٹیکنالوجی/موافقتوں (آلاتِ سماعت، چشمہ، نقل و حرکت کے امدادی آلات وغیرہ) کا استعمال جب یہ عام طور پر دستیاب ہوں۔ ماحول میں ان کی اصل فنکشننگ/فعلیت، نہ کہ مثالی حالات میں فعلیت جب اس کے پاس ٹیکنالوجی ہو۔
  - آپ کے بچے کی اصل عمر، چاہے اس کی پیدائش قبل از وقت ہوئی ہو۔



Washington State Department of
CHILDREN, YOUTH & FAMILIES

## فیملی ورک شیٹ: میرے بچے کی ترقی پر ایک نظر

**یہ ورک شیٹ آپ کے بچے کی خوبیوں اور پھلنے پھولنے کے مواقع کے بارے میں سوچنے میں آپ کی مدد کرے گی**

ترقی کے اِن تین فعلیاتی شعبوں میں ذیل کی خالی جگہوں کو ان چیزوں سے پُر کریں جو آپ نے اپنے بچے کو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ ان مہارتوں پر غور کریں جو آپ کے بچے کو اس وقت حاصل ہیں *اور* ان مہارتیں پر بھی جو آپ کے خیال میں آپ کے بچے کے لیے سیکھنا ضروری ہیں۔ یہ اہم ہے کہ *آپ* اپنے بچے سے متعلق جو کچھ جانتے اور یقین رکھتے ہیں اسے تشخیص اور IFSP ٹیم کی بات چیت میں شامل کیا جاتا ہے۔

| | میرا بچہ کیسے... | میرے بچے کی خوبیاں ہیں... | ترقی کے مواقع ہیں... |
|---|---|---|---|
| 1: مثبت سماجی تعلقات | • دوسروں سے نسبت قائم کرتا ہے<br>• جذبات ظاہر کرتا ہے<br>• چھونے پر ردعمل کرتا ہے<br>• کسی دوسرے شخص کے ساتھ سرگرمی میں دلچسپی قائم رکھتا ہے<br>• ایک سے دوسری سرگرمی پر جاتا ہے<br>• جب اسے زیادہ توجہ چاہئیے ہو تو برتاؤ کرتا ہے<br>• معمولات اور توقعات کو سمجھتا ہے<br>• باری لینے کا کھیل کھیلتا ہے<br>• مایوسی سے نمٹتا ہے | | |
| 2: نئی مہارتیں حاصل کرنا اور استعمال کرنا | • روزمرہ کے ماحول میں الفاظ استعمال کرتا ہے<br>• مسئلہ حل کرتا ہے (ایسی چیز تک رسائی حاصل کر لیتا ہے جس تک وہ نہیں پہنچ سکتا)<br>• ہدایات اور درخواستوں کو سمجھتا اور/یا ردعمل دیتا ہے<br>• دوسروں کی تقلید کرتا ہے<br>• سوالات کے جوابات دیتا ہے<br>• کتابیں، تصاویر، اشیاء استعمال کرتا ہے | | |
| 3 اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے اقدام کرنا | • بنیادی ضروریات کا خیال رکھتا ہے<br>• آپ کو بتاتا ہے کہ وہ کیا چاہتا ہے اور کس چیز کی ضرورت ہے<br>• خطرے سے آگاہی کا مظاہرہ کرتا ہے<br>• اپنے جسم کو ایک سے دوسری جگہ منتقل کرتا ہے<br>• کھلونوں سے کھیلنے کے لیے اپنے ہاتھ استعمال کرتا ہے | | |
| زیر غور لانے کے لیے اضافی سوالات | | • میرا بچہ کن سرگرمیوں یا لوگوں سے لطف اندوز ہوتا ہے؟<br>• میرا بچہ مجھے کیسے بتاتا ہے کہ اسے کیا پسند ہے؟<br>• میرا بچہ کب سب سے زیادہ تعاون کرتا ہے؟<br>• کیا شے میرے بچے کو پُرسکون کرتی ہے؟ | • میرے بچے کو کونسی سرگرمیاں یا لوگ ناپسند ہیں؟<br>• میرا بچہ مجھے کیسے بتاتا ہے کہ اسے کیا ناپسند ہے؟<br>• کیا چیز میرے بچے کو خوفزدہ کرتی ہے؟<br>• کیا چیز میرے بچے کو مایوس کرتی ہے؟ |